رسالہ دانش مندی تصنیف: شاہ ولی اللہ دہلوی - ترجمہ: مولانا سید ظہیر الدین احمد۔ مقدمہ و تعلیقات از پروفیسر سید محمد سلیم - ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق، تنظیم اساتذہ پاکستان - ۸ - اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور - قیمت: ۴۰/- روپے -

یہ رسالہ دراصل اسلامی تعلیم کے سلسلے میں طریقِ تدریس کی رہنمائی کرتا ہے۔ شاہ صاحب جس دورِ انحطاط میں پیدا ہوئے اور جو تفرقہ اور بدعتیں اور جہالتیں انہوں نے دیکھیں، ان کی وجہ سے جوشِ تجدید ان کے اندر پیدا ہوا - اس کو بنائے گفتگو بنا کر یہ واضح کیا گیا ہے کہ شاہ صاحب تعلیم کے شعبہ میں کیا تبدیلی چاہتے تھے - انھوں نے ایک مختصر اور آسان نصابِ تعلیم تجویز کیا - پھر اصلی زور طریقِ تدریس پر ہے، اور طریقہ ہائے تدریس کی ایسی اقسام بیان کی ہیں کہ چشمِ بصیرت ممنونِ احسان ہو کر رہ جاتی ہے - تدریسی یا نصابی کتابوں کے لکھنے کے لیے بھی کچھ اصول اس رسالے میں ملیں گے -

---

ہمقدم ڈائری ۱۹۸۸ء پیش کش: ادارہ مطبوعاتِ طلبہ، نمبر ۱، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور

نوجوانوں کی مرتب کردہ اس ڈائری کی متعدد رنگوں میں بڑی خوشنما ڈیزائننگ کی گئی ہے۔ شروع میں ضروری دعائیں اور اذکار ہیں - اپنی اصلاح آپ کے عنوان سے تعبدی اور دعوتی سرگرمیوں اور اپنے مطالعہ کے متعلق خود احتسابی کے لیے ماہ بہ ماہ اندراجات کرنے کو چند صفحات خاص کر دیئے گئے ہیں - صفحات کے اوپر کسی آیت یا حدیث کا ترجمہ درج ہے - آخر میں پتوں اور ٹیلیفون نمبروں کے اندراجات کے لیے چند صفحے ہیں - شروع میں اسلامی جمعیت طلبہ کی سال بہ سال سرگرمیوں کا خلاصہ درج کیا گیا ہے، نیز جمعیت کے شہداء کی فہرست کے علاوہ کچھ اور معلومات بھی دی گئی ہیں - جلد بہت اچھی اور اس پر سنہری چھپائی -

---

ماہنامہ: دائرے مدیر: حسنین کاظمی - شائع کردہ: رائٹرز پبلی کیشن، شاہین چیمبرز، ۴ کمرشل ایریا، بلاک ۷/۸ کے سی ایچ ایس کراچی - قیمت فی شمارہ: ۱۰/- روپے سالانہ ۱۱۰/- روپے

یہ خالص ادبی و تحقیقی رسالہ ہے جس کا پہلا شمارہ (جنوری ۱۹۸۸ء) ہمارے سامنے ہے - افسانے